نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

حصہ ب

نمبر: 36

II. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (9) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. مولوی عبدالحق نے ریاست حیدر آباد دکن میں کیا خدمات انجام دیں؟

ii. استعارہ کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

iii. شیرنی کا بچہ ماں سے کس بات کی ضد کرتا تھا؟

iv. ان الفاظ کی جمع لکھیں۔ غریب، جاہل، شکل، خیال

v. اشرف صبوحی کی کوئی سے چار ادبی خدمات قلم بند کریں۔

vi. "چرخ کج رفتار" سے کیا مراد ہے۔

vii. مترادف الفاظ لکھیں۔ بام، تصور، شبنم، ہونٹ

viii. مولوی عبدالحق کی چار تصانیف کے نام لکھیں۔

ix. بارش والے دن ساس اپنی بہو کو کس بات پر برا بھلا سنا رہی تھی؟

x. نظم "کراچی کی بس" کا مرکزی خیال لکھیں۔

xi. جملوں میں استعمال کیجئے۔ سرچشمہ، تغیر و تبدل، ثانوی حیثیت، متصادم

xii. رشید احمد صدیقی کو عافیت کے دور ختم ہونے کا اندیشہ کیوں رہنے لگا تھا؟

حصہ ج

نمبر: 24

III. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔ 5

(الف) مسلمان جس ملک میں بھی گئے وہاں کی زبان کو انہوں نے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ جس علاقے میں پہنچے وہاں کی علاقائی زبان ان کیلئے تبلیغ و ہدایت کا ذریعہ بنی۔ زبان کے ساتھ پرستش کا کوئی شائبہ شامل نہیں کیا گیا، نہ ملکی اور علاقائی زبانوں کے درمیان کسی مناقشت کی خبر ملتی ہے۔ بیسویں صدی سے قبل عالم اسلام میں زبانیں جھگڑے کا سبب نہیں تھیں کیونکہ اصل اہمیت زبانوں کو نہیں مطالب کو حاصل رہی"۔

(ب) اور جیسے اس انار کے سارے جلتے پھول ان پر برس گئے۔ پھر بھی نہ جانے کیسے ان کا کانپتا ہوا ہاتھ بے اختیار آگے بڑھا۔ درمیانی گول میز جیسے انہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ یہ میز پر اوندھا گئیں اور جانے کیسے انھوں نے میاں کی پتلون کا پائنچا مضبوطی سے مٹھی میں جکڑ لیا اور کھینے کی کوشش میں ہانپنے لگیں۔

IV. شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 5

(الف) تھا دعاؤں پہ ہمیں آسرا وہ بھی نہ رہا
کیونکہ اُن کا بھی اثر ہوتا ہے اکثر اُلٹا
احتجاجوں کیلئے کہیے تو انکار نہیں
ورنہ ہم لوگ کسی حال میں تیار نہیں

(ب) جس کی محنت سے پھپکتا ہے تن آسانی کا باغ
جس کی ظلمت کی ہتھیلی پر تمدن کا چراغ
دھوپ کے جھلسے ہوئے رخ پر مشقت کے نشاں
کھیت سے پھیرے ہوئے منہ گھر کی جانب ہے رواں

V. بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔

(الف) نہیں معلوم کس عالم میں حسن یار دیکھا تھا
کوئی عالم ہو لیکن دل کی حیرانی نہیں جاتی
محبت میں اک ایسا وقت بھی دل پر گزرتا ہے
کہ آنسو خشک ہو جاتے ہیں طغیانی نہیں جاتی

(ب) خِرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خِرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے
غمِ جہاں سے جسے ہو فراغ کی خواہش
وہ ان کے دردِ محبت سے ساز باز کرے

VI. درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔

(الف) موبائل فون کا مثبت استعمال

(ب) والدین کی خدمت

(ج) میرا پسندیدہ مشغلہ

www.ilmkidunya.com